یونانی طب کے ذریعہ

# سرطان
# (Cancer)

سے تحفظ



سنٹرل کونسل فار ریسرچ ان یونانی میڈیسن



تربوز



تورئی



لوکی




انگور



پالک



کھجور



کھیرا


*For further Information, please contact*

Director General

**CENTRAL COUNCIL FOR RESEARCH IN UNANI MEDICINE**

Ministry of AYUSH, Government of India

61-65, Institutional Area, Janakpuri, New Delhi - 110058

Telephone: +91-11-28521981, 28520501, 28525831/52/62/83/97

Fax: +91-11-28522965

Email: unanimedicine@gmail.com

Website: www.ccrum.net


First Published: April 2016 • 10,000 Copies

## سرطان کیا ہے؟

سرطان وہ مرض ہے جس میں خلیات بہت تیزی سے غیرطبعی انداز میں بڑھنے لگتے ہیں اور جسم کے مختلف حصوں میں پھیل کرانہیں بھی متاثر کرنے لگتے ہیں۔ پستان، عنق الرحم، پھیپھڑے، معدہ، آنتیں اور جگر اس سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔

## سرطان کے ممکنہ اسباب

- تابکاری، ماحولیاتی آلودگی، کیمیاوی اتصال وغیرہ
- تمباکو اور شراب کا بکثرت استعمال
- خاندانی روداد کی موجودگی
- وائرل انفیکشن (Viral Infection)
- سوداء پیدا کرنے والی غذاؤں کا بکثرت استعمال
- ہارمون (Hormone) سے علاج

## علامات

- اکثر ابتدائی مرحلہ میں سرطان کی علامتیں غیر واضح ہوتی ہیں
- **عام علامات**
  - بھوک میں کمی ✤ خون کی کمی ✤ عام کمزوری ✤ وزن میں یکا یک غیر معمولی کمی ✤ بخار
- **خاص علامات**

### ✤ سرطان ثدی (پستان کا کینسر)

- پستان میں گانٹھ ہونا
- سرپستان (Nipple) پھٹا ہوا، دھنسا ہوا یا چپکا ہوا ہونا
- سرپستان سے خونی رطوبت خارج ہونا
- پستان کی جلد سنگترے کے چھلکے کے مانند سکڑ جانا

### ✤ سرطان عنق الرحم (بچے دانی کے منہ کا کینسر)

- مقررہ وقت سے پہلے ہی ماہواری آنا
- شرمگاہ سے بدبودار رطوبت خارج ہونا
- مجامعت کے دوران درد ہونا
- عنق الرحم میں زخم ہونا

### ✤ سرطان ریہ (پھیپھڑوں کا کینسر)

- مستقل کھانسی ہوتی ہے
- خون آمیز بلغم کا اخراج ہوتا ہے
- سانس پھولتا ہے

### ✤ سرطان معدی (معدہ کا کینسر)

- پیٹ میں درد ہوتا ہے
- قے آتی ہے
- قے میں خون آتا ہے
- پاخانہ سیاہ ہوتا ہے
- بھوک میں غیر معمولی کمی آجاتی ہے
- وزن میں غیر معمولی کمی آجاتی ہے
- شکم کے اوپری حصہ میں گانٹھ محسوس ہوتی ہے

### ✤ سرطان امعاء (آنتوں کا کینسر)

- پاخانہ میں خون کی آمیزش ہوتی ہے
- قضائے حاجت کے معمولات بدل جاتے ہیں
- زیریں شکم میں درد ہوتا ہے
- گانٹھ محسوس ہوتی ہے

### ✤ سرطان کبد (جگر کا کینسر)


- پیٹ میں درد محسوس ہوتا ہے
- ہچکی آتی ہے
- سینے میں جلن اور بے چینی ہوتی ہے
- پیلیا ہو جاتا ہے

## تحفظ

- صحت مند طرز زندگی اپنائیں
- تمباکو کے استعمال اور شراب نوشی سے بچیں
- جنک اور اسموکڈ فوڈ استعمال نہ کریں
- سرخ گوشت سے پرہیز کریں
- نمک سود گوشت و مچھلی سے پرہیز کریں
- آرام طلبی سے بچیں
- ذہنی تناؤ سے بچیں
- قبض نہ ہونے دیں

## علاج

ابتدائی مرحلہ میں تشخیص، سرطان کے علاج میں سب سے اہم ہے۔ یونانی طب میں بہت سی ایسی ادویہ اور تدابیر ہیں جو مروّجہ طریقۂ علاج کے ساتھ مفید ثابت ہوسکتی ہیں۔




- **سوداء خارج کرنے والی دوائیں**
  - ✤ اطریفل افتیمون ✤ حبِ لاجورد ہمراہ جوشاندۂ افتیمون
  - ✤ معجون نجاح ✤ تریاق فاروق
- **قوت مناعت بڑھانے والی دوائیں**
  - ✤ خمیرہ مروارید ✤ جوارش جالینوس ✤ جواہر مہرہ
- **جدید علاج کے مضر اثرات کم کرنے والی دوائیں**
  - ✤ جوارشِ انارین ✤ جوارشِ آملہ ✤ جوارشِ تمر ہندی ✤ حب ترش مشتہی
- **پیچیدگیاں کم کرنے والی دوائیں**
  - ✤ معجون دبید الورد ✤ دواء الکرکم ✤ عرق ہرا بھرا
- **زندگی کے معیار کو بہتر بنانے والی تدابیر**
  - ✤ دلک (مالش) ✤ حمام ✤ اسہال ✤ فصد

## مفید غذائیں

- ماء الجبن، ماء الشعیر، خرفہ
- پالک، بتھوا، کدو، کھیرا، لوکی، تورئی، تربوز، کھجور، انگور

### مضر غذائیں

- سوداء پیدا کرنے والی غذائیں مثلاً سرخ گوشت، مسور، باقلا، بندگوبھی، پھول گوبھی، بیگن، مٹر وغیرہ سے پرہیز کریں۔

**نوٹ: –** کوئی بھی دوا طبیب کے مشورہ کے بغیر استعمال نہ کریں۔